نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

اگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان ایک انقلابی منصوبہ ہے جس سے فصلوں کے پیداواری اہداف کے حصول میں مدد ملے گی،وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کا کاشتکاروں کوزرعی آلات کی رعائتی قیمت پرفراہمی کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب

لاہور04 فروری2022: وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے کہا ہے کہ اگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان وزیر اعظم عمران خان کا ایک انقلابی منصوبہ ہے جس کے تحت مشینی زراعت کے فروغ سے فصلوں کی پیداوار بڑھانے میں مدد ملے گی۔کاشتکاروں کوسبسڈی پرزرعی آلات ومشینری کی فراہمی کا یہ منصوبہ حکومت پنجاب کی کسان دوست پالیسیوں کا عکاس ہے۔کاشتکاروں کے فی ایکڑ پیداواری اخراجات میں کمی اورمنافع میں اضافہ کے ذریعے دیہی آبادی خوشحال ہوگی اور ملکی معیشت کواستحکام حاصل ہوگا۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے ملتان میں وزیراعظم پاکستان کے اگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت کاشتکاروں کوزرعی آلات کی رعائتی قیمت پر فراہمی کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔صوبائی وزیرزراعت نے مزید کہا کہ مشینی زراعت کے فروغ سے کاشتکارزمین کی تیاری سے فصلوں کی کاشت و برداشت تک کاشتی امور کی بروقت انجام دہی ممکن بناسکتے ہیں۔زرعی مشینری کے استعمال سے فصلوں کی کاشت کے وقت زرعی مداخل کے بہتر استعمال کے ذریعے توانائی اور وقت کی بچت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے اگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت مشینی کاشت کو فروغ دینے میں اورفصلوں کی فی ایکڑ پیداوارمیں اضافہ کیلئے صوبہ پنجاب کے تمام اضلاع میں **3190** کاشتکاروں کومختلف اقسام کے زرعی آلات فراہم کئے جارہے ہیں اوراس پانچ سالہ منصوبہ کیلئے **8** ارب **77** کروڑ روپے سے زائدرقم مختص کی گئی ہے۔یہ منصوبہ زرعی ترقی کیلئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔وزیرزراعت پنجاب نے کہا کہ کاشتکارزرعی آلات وجدید مشینری پرحکومتی سبسڈی سے بھر پور فائدہ اٹھاتے ہوئے زرعی پیداواری اہداف کاحصول یقینی بنائیں تاکہ برآمدات میں اضافہ سے ملک کیلئے قیمتی زرمبادلہ حاصل کیا جاسکے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے **سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل** نے کہا کہ موجودہ موسمیاتی تبدیلیوں میں فوڈ سکیورٹی کے حصول کوممکن بنانے کے لئے پاکستانی زراعت میں تربیت یافتہ افرادی قوت کے علاوہ ٹریکٹرز، زرعی آلات اور مشینری کے استعمال سے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ناگزیر ہے۔وزیراعظم پاکستان کے اگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت کے جنوبی پنجاب کے 11 اضلاع کے کاشتکاروں کوبھی زرعی آلات کی خرید کیلئے 60 فیصد سبسڈی فراہم کی جارہی ہے اورایک کاشتکار کو5 لاکھ روپے تک سبسڈی فراہم کی جائے گی۔تقریب سے چیئر مین زرعی ٹاسک فورس جنوبی پنجاب عابد محمود کھگہ سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا۔

0-0-0-0-0